پاری جات پکچرز کا

शोला और शबनम

شعلہ اور شبنم

اداکاران

نرملا - دھرمیندر
ابھی بھٹاچاریہ
ایم راجن - مبارک

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

شعلہ اور شبنم فلم کے لئے

گانا نمبر ۱

ممی اور ڈیڈی میں لڑائی ہو گئی
ڈیڈی نے غصے میں آ کے دے دیں گالیاں
ممی نے غصے میں آ کے توڑیں تھالیاں پھوڑیں پیالیاں
برتنوں کی مار کٹائی ہو گئی — ممی اور ——
ڈیڈی نے انکار کیا کھانے کے لئے
ممی نے سامان باندھا جانے کے لئے
میں تو سمجھا دونوں میں جدائی ہو گئی — ممی اور ——
ڈیڈیوں کو ممیوں ستایا نہ کرو
ممیوں کو ڈیڈیوں رلایا نہ کرو
چھوٹی چھوٹی بات کو بڑھایا نہ کرو
بچوں کو تماشہ یہ دکھایا نہ کرو
بات نکلی منہ سے تو پرائی ہو گئی — ممی اور ——

گانا نمبر ۲:- پھول کو ڈھونڈے

پیاسا سا بھونرا دیپک کو پروانہ
دنیا اپنے رب کو پکارے مجھ کو تیرا دیوانہ
جیت ہی لیں گے بازی ہم تم کھیل ادھورا چھوٹے نا
پیار کا بندھن جنم کا بندھن جنم کا بندھن ٹوٹے نا

بنائے جہاں دھرتی سے گگن آ، وہیں ہم جائیں
تو میرے لئے میں تیرے لئے اس دنیا کو ٹھکرائیں
دور بسائیں دل کی جنت جس کو زمانہ لوٹے نا
پیار کا بندھن —
ملنے کی خوشی نہ ملنے کا غم ختم یہ جھگڑے ہو جائیں
تو تو نہ رہے میں میں نہ رہوں اک دوجے میں کھو جائیں
میں بھی نہ چھوڑوں پل بھر دامن تو بھی پل بھر روٹھے نا
پیار کا بندھن —

گانا نمبر ۳ — پھر وہی ساون آیا ساجن آئے نا
کہدو برہن کو کلیا بھی کو کو گائے نا
کونج بچھڑ گئی ڈار سے اپنے دن وہ ملنے کے بیتے سپنے
چلے دن ڈگر کو ساتھی کوئی تنہا سے آ — پھر وہی —
گاتی بہارو ہنستے نظارو میرے سجن کو تم ہی پکارو
ہو جلے بیدردی سے اب تڑپائے نا — پھر وہی —
چھوڑ دی نا بہتے دھارے بھول چکی میں کیا تھے کنارے
اتنو ڈوبے پار ہو نیا، لوٹ کے آئے نا پھر وہی —

گانا نمبر ۴

کون آتا ہے ادھر — کوئی نہیں کوئی نہیں
کون آتا ہے ادھر
دور راہوں پہ گھنی رات کے سناٹے ہیں
کوئی راہی کبھی خاموش گزر جاتا ہے

آہٹیں دل کی طرح دب کے رہ جاتی ہیں
سانس لیتی ہوں تو ہر درد ابھر آتا ہے — کون آتا ہے —
کون کرتا ہے یہ چھپ چھپ کے اشارے مجھ کو
کوئی کھینچے لیے جاتا ہے کہیں آج مجھے
ایک تصویر سی بنتی ہے بگڑ جاتی ہے
اپنی آنکھوں پہ نہیں کچھ بھی یقیں آج مجھے — کون آتا —
پاس آ آ کے کہاں دور نکل جاتی ہو
دل کی دھڑکن کی طرح میرے قریب آجاؤ
جھلملاتے ہوئے تاروں سے نہ چھپاؤ مجھ کو
جگمگا جائے محبت کا نصیب آجاؤ

گانا نمبر ۵ — اگر دل دل سے ٹکرائے تو افسانہ بنا ڈالے
کبھی خود سے کبھی دنیا سے بیگانہ بنا ڈالے
یہ ظالم جس کو چاہے اس کو دیوانہ بنا ڈالے
محبت ایسی ہوتی ہے
اب ان سے کیا کہیں وہ کب ہمارا غم سمجھتے ہیں
جو ہم پر عشق میں گزری ہے اس کو ہم سمجھتے ہیں
کسی کے دل کی باتیں بے کہے ہم جان لیتے ہیں
وہ ہم سے کیا چھپیں گے ہم نظر پہچان لیتے ہیں
محبت ایسی ہوتی ہے
سہی ہیں ہم نے دل پر سختیاں سارے زمانے کی
ہمیں ہر چوٹ پر عادت رہی ہے مسکرانے کی

حسینوں کو مزا آتا ہے یونہی ٹھکرا کے چلنے میں
کبھی نظریں ملاتے ہیں کبھی نظریں بدلتے ہیں
محبت ایسی ہوتی ہے

یہ مانا چاہ کا مشکل سے ہم اقرار کرتے ہیں
مگر پھر جان بھی جائے اسی سے پیار کرتے ہیں
محبت کرنے والوں پر ہنسی ہمکو تو آتی ہے
یہی سنتے ہیں اسمیں دل سے پہلے جان جاتی ہے
محبت ایسی ہوتی ہے

گانا نمبر ۶ ۔ متھرا شام چلے متھرا شام چلے
ساون گھن سا اُمنڈ پڑا ۔ برج ۔ متھرا شام چلے
رتھ سے لپٹی نیر سے بیٹی یادریا برج ناری
بولی رادھا پریم اگادھا نہ جاؤ گردھاری ۔ متھرا ۔
کیسے جاؤگے کنہائی کیسے جاؤگے
جانے نہ دونگی پگ پڑونگی نہ ڈرونگی
سانورے میں تیری راہ میں مرونگی نہ ڈرونگی ۔ متھرا ۔
نینی تو ہیں کون گن چلے تجھے ناتھ
مکھ سے لگائے رہتے ہیں ہردم سا کہیں ساتھ
جنم بالس گھر بھیجو ہمارو کاٹ ہمیں کوئی لا لیو
ٹکڑے ٹکڑے کر گئے موہے انگ اگن جھلسا لیو
آٹھ چھید موہے تن کینو بلھٹر بران میرو ہر لینو
تن نہیں میرو من نہیں میرو ادھر سکھی نہیں جیون میرو

وہی سُر میں باجوں رادھے جو بھگوان بجائیں
وہی بولی بولوں رادھے جو بھگوان بلائیں
رادھا کرشن رادھے کرشن بولو رادھے کرشن

گانا نمبر ۷

لڑی رے لڑی تجھ سے آنکھ جو لڑی
بڑی مشکل پڑی ذرا سن رے بالما
میں تو کب سے کھڑی رے کے دل بالما — لڑی
جاؤ جاؤ اکڑو بابو جی کسی اور سے
باندھ کے میں رکھوں گی نینوں والی ڈور سے
سن بالما او ظالما نینوں والی ڈور سے — لڑی
ٹھکرا کے یوں نہ جاؤ بڑا دکھ پاؤ گے
آئے گی جو یاد میری کھنچے چلے آؤ گے
سن بالما او ظالما کھنچے چلے آؤ گے — لڑی
تھام لیا ہاتھ تیرا سیاں کیسے چھوٹے گا
دلوں والا ناطہ ہے یہ ناطہ نہیں ٹوٹے گا — لڑی
بڑی مشکل پڑی سن رے بالما
میں تو کب سے کھڑی رے کے دل بالما

گانا نمبر ۸

جانے کیا ڈھونڈتی رہتی ہیں یہ آنکھیں مجھ میں
راکھ کے ڈھیر میں شعلہ ہے نہ چنگاری ہے
اب نہ وہ پیار نہ اس پیار کی یادیں باقی
آگ یوں دل میں لگی کچھ نہ رہا کچھ نہ بچا

جس کی تصویر نگاہوں میں لئے بیٹھی ہو
میں وہ دلدار نہیں اس کی ہوں خاموش چتا
جانے کیا ـــــ

زندگی ہنس کے گزرتی تو بہت اچھا تھا
خیر ہنس کے نہ سہی رو کے گزر جائے گی
راکھ برباد محبت کی بچا رکھی ہے
بار بار اس کو جو چھیڑا تو بکھر جائے گی
جانے کیا ـــ

آرزو جرم، وفا جرم، تمنا ہے گناہ
یہ وہ دنیا ہے جہاں پیار نہیں ہو سکتا
کیسے بازار کا دستور تمہیں سمجھاؤں
بک گیا جو خریدار نہیں ہو سکتا ــ جانے کیا ــــ

گانا نمبر ۹

پھر نہیں آنے والی پیارے ایسی ملن کی رات
پیار بھری دھرتی ہے دو دل دھڑک رہے ایک ساتھ
یار نہ جانے ہن نہ جانیں، جانیں ہم اتنی بات
کہ جب یار کہو پھر چھوڑو نہ اس کا ہاتھ
پیار کی گنگا ایسی گنگا آتی جس کی دھار
جو نکلا سو ڈوب گیا جو ڈوبا سو پائے
میچا ہے اک نام مریت کا بانی چھوڑ دیا سنسار
کہ اس کا کیا جینا، کیا جس نے کبھی نہ پیار

پھر نہ تیرے ہاتھ آئے گا سمے گیا جو بیت
پل دو پل میں ہو جائیگی ہار تیری یا جیت
ادھر کھڑی ہے ریت جگت کی ادھر کھڑی ہے پریت
سوچ لے دل والے کہ تو ہے کس کا میت

ختم شد

عملیات تسخیر محبوب عرف

ہمدرد عشاق

اگر آپ کا دل کسی کافر جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہے اور کامیابی کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی منت سماجت کرتے کرتے آپ مایوس ہو چکے ہیں۔ تو آج ہی ہماری یہ کتاب طلب فرمائیے۔ اس کے بہترین عملیات تیر بہدف ثابت ہو چکے ہیں جن پر عمل کرنے اور اعتقاد رکھنے سے آپ اپنا مقصد ضرور پورا کر سکتے ہیں ہزارہا اشخاص کا بارہا تجربہ کیا ہوا ہے۔ اس کا کوئی عمل کبھی خطا نہیں جاتا۔ آپ اس نادر چیز سے خاطر خواہ فائدہ اٹھائیے

قیمت صرف -/۲ مع محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

الہ آباد پریس دہلی